# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : نسیمہ فاروق اللہ

چوتھی جماعت کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ

- بچپن میں ہم طرح طرح کی شرارتیں کرتے ہیں۔ شرارتیں کرنا بچوں کی فطرت میں ہوتا ہے۔ بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ شرارت یا ایڈونچر (Adventure) یادگار بن جاتا ہے اور بڑے ہو کر بھی اسے نہیں بھول پاتے ۔ مصنف نے ایک ایسی ہی بچپن کی دلچسپ شرارت جو خود اس کے اور اس کی چھوٹی بہن کے ساتھ گزری تھی تحریر کی ہے۔ کہانی سادہ اور آسان زبان کے ساتھ ساتھ دلچسپ بھی ہے۔ اسے پڑھ کر بچے یقیناً لطف اندوز ہوں گے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ اس طرح کے کسی واقعہ سے اپنے آپ کو وابستہ بھی کریں۔

ہر سیشن 45 منٹ کا ہوگا۔

## سیشن 1

10 منٹ

- کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں سے بات کریں۔ انہیں بتائیں کہ سب بچے شرارت کرتے ہیں۔ درحقیقت بچپن کا نام شرارت بھی ہو سکتا ہے۔ کبھی کبھار ڈانٹ بھی پڑ جاتی ہے۔ اس لئے کوشش یہ کرنی چاہئے کہ شرارت سے کسی کو تکلیف یا نقصان نہ پہنچے۔ ٹیچر پہلے اپنی کسی شرارت کا ذکر کریں۔ اس کے بعد چند بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔ خیال رہے وہ بچے جو کلاس میں زیادہ تر خاموش رہتے ہیں ان کو بھی بولنے کا موقع دیں۔ اس طرح ان میں خود اعتمادی آتی ہے۔

25 منٹ

- ٹیچر الفاظ کے اتار چڑھاؤ اور دلچسپی کے ساتھ کہانی پڑھیں۔ بعد میں کچھ ان بچوں سے پڑھائی کروائیں جو روانی سے پڑھ سکتے ہیں۔
- بچوں سے کہانی سے متعلق زبانی سوالات کریں تاکہ اندازہ ہو سکے کہ انہوں نے کہانی غور سے سنی تھی یا نہیں اور یہ بھی کہ ان کو کہانی سمجھ میں آئی یا نہیں۔

سوالات

- تالاب کہاں تھا؟
- تالاب میں کس کے بچے تھے؟

- امی نے کیا بات کہی جسے سن کر بچوں کو اپنی مچھلیاں یاد آ گئیں؟
- مچھلی کے بچوں سے مینڈک کیسے بن گئے؟ وغیرہ۔

نوٹ
- ٹیچر پہلے بچوں سے یہ سوالات کریں۔ اگر بچے جواب نہ دے پائیں تو انہیں بتائیں کہ . . .

جوابات
- بارش کے بعد گلی کے سامنے خالی پلاٹ تالاب بن گیا۔
- تالاب میں مینڈک کے بچے تھے جو بظاہر مچھلی سے ملتے جلتے ہوتے ہیں۔ مینڈک کے بچے جب انڈوں سے نکلتے ہیں تو ان کی شکل مچھلی سے ملتی ہے۔ آہستہ آہستہ یہ بچے اپنی اصل مینڈک کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔
- امی نے کہا بارش کیا ہوئی' مینڈکوں نے ہمارے گھر کو اپنا تالاب سمجھ لیا ہے۔ یہ سن کر بچوں کو اپنی مچھلیاں یاد آ گئیں جو انہوں نے تالاب سے پکڑ کر حوض میں ڈالی تھیں۔
- بچے مینڈک کے بچوں کو مچھلی کے بچوں کے دھوکے میں پکڑ لائے۔ دو ہفتوں کے بعد جب وہ بچے بڑے ہوئے اور اصل مینڈک کی شکل اختیار کی تو بچے حیران رہ گئے اور یوں یہ معمہ حل ہو گیا۔

10 منٹ
- بچوں سے کہیں اپنی کاپیاں کھولیں اور تاریخ لکھیں۔ پھر اپنی کوئی شرارت تحریر کریں جو آپ کو دلچسپی کے باعث اب تک نہ بھولی ہو۔ ٹیچر اس سلسلے میں مشکل الفاظ لکھنے میں ان کی مدد کریں۔

گھر کا کام
- بچے اگر دس منٹ میں کہانی مکمل نہ کر پائے ہوں تو گھر سے مکمل کر کے لائیں۔ اپنی کہانی کو عنوان بھی دیں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- اگر سیشن نمبر ایک میں دیا گیا کام بچوں نے گزشتہ روز مکمل کرلیا تھا تو ٹیچر چیک کی ہوئی کاپیاں

بچوں کو واپس کریں اور اس میں سے چند منتخب دلچسپ شرارتیں پڑھ کر سنائیں۔

20 منٹ

- بچوں کو جانوروں کے بارے میں بتائیں۔ یہ معلومات بچے سائنس کے مضمون میں پڑھ چکے ہوں گے لیکن اس سیشن میں یہی معلومات ان کو انگلش اردو ترجمہ کے ساتھ بتائیں۔
- انڈوں سے بچے نکلنے سے بڑے ہونے تک ان کی اشکال تبدیل ہوتی ہیں۔ اس عمل کو میٹامورفاسس (Metamorphosis) یا صورت بدلنا کہتے ہیں۔
- ٹیچر مختلف جانوروں کی مثال دیں۔ مثلاً مینڈکی (Female Frog) اپنے انڈے گچھوں کی شکل میں پانی میں دیتی ہے۔ یہ انڈے ایک تھیلی یا جھلی کے اندر ہوتے ہیں جو ان کو دشمن سے بچاتے ہیں اور گرم رکھتے ہیں۔ ان انڈوں سے بچے یا tadpoles دو ہفتوں کے اندر نکل آتے ہیں۔ شروع میں tadpoles کی کوئی ٹانگیں نہیں ہوتیں۔ ان کی شکل مچھلی کے بچے سے ملتی ہے۔ گول سر اور جسم دم دار اور یہ مچھلی کی طرح گلپھڑے (gills) سے سانس لیتے ہیں۔ جب یہ بچے ذرا بڑے ہوتے ہیں ان کی ٹانگیں نکلنا شروع ہو جاتی ہیں۔ 12 ہفتوں کے بعد یہ بچے مینڈک کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور ان کی دم ان کے جسم کا حصہ بن جاتی ہے۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہانی میں استعمال ہونے والے دو چشمی ہ (ھ) والے الفاظ الگ کریں۔ مثلاً

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے | چھوٹی | مچھلیاں | گھر | مچھیروں | پھینکا | دیکھ | کبھی |
| کچھ | ساتھ | پھر | کھیل | دیکھ بھال | پیچھے | ڈھولی | گھسی |
| بیٹھے | سمجھ | بھاگ | پھدک | | | | |

گھر کا کام

- ان الفاظ میں سے پانچ الفاظ کے جملے بنا کر لائیں اور املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 3

25 منٹ • آج سب سے پہلے بچوں سے املا لکھوائیں اور بچے ایک دوسرے کی کاپیاں چیک کریں۔

20 منٹ • بورڈ پر cross word بنائیں۔ الفاظ کی فہرست بورڈ کے ایک طرف لکھ دیں۔ پھر ایک ایک بچے کو بلا کر cross word مکمل کروائیں۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو موقع دیں کہ وہ بورڈ پر آ کر الفاظ لکھیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ی | ٹ | ل | ا | ب | ا | ل | ا | ت |
| ا | ڑ | پ | ک | ا | ڑ | پ | ک | |
| ن | ی | گ | ن | ر | ہ | پ | و | د |
| م | | ن | ا | ش | ی | ر | پ | |
| چھ | | ے | ر | ی | چھ | م | | |
| ل | ی | ر | ک | و | ٹ | ا | ل | پ |
| ی | ک | ڈ | ن | ے | م | | | |


الفاظ کی فہرست • بارش ۔ پلاٹ۔ دوپہر۔ تالاب۔ مچھلی۔ بالٹی۔
رنگین۔ مینڈک۔ ٹوکری۔ پریشان۔ مچھیرے۔

گھر کا کام • مندرجہ بالا الفاظ کی توڑ جوڑ گھر سے کر کے لائیں۔

# سیشن 4

25 منٹ

- آج بچوں سے مینڈک کا Life Cycle بنوائیں۔ آپ پہلے بورڈ پر ڈرائنگ بنائیں پھر بچے اسے دیکھ کر بنائیں، اس میں رنگ بھی بھریں اور نام بھی لکھیں۔




20 منٹ

- کہانی میں سے الفاظ تلاش کر کے واحد جمع پر کام کروائیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گلی | گلیاں | مچھلی | مچھلیاں | الماری | الماریاں | بالٹی | بالٹیاں | گھنٹہ | گھنٹے |
| بچہ | بچے | ہفتہ | ہفتے | کپڑا | کپڑے | کیاری | کیاریاں | بارش | بارشیں |

گھر کا کام

- جن الفاظ کے واحد جمع لکھے ہیں ان کو جملوں میں استعمال کریں۔

# سیشن 5

30 منٹ

- جانوروں سے متعلق محاورے پوچھیں اور ان کے مطلب سمجھائیں۔
- ٹیچر محاورے بورڈ پر لکھیں اور ان میں سے 3 کے جملے بھی بنوائیں۔

- ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا۔
- بھینس کے آگے بین بجانا۔
- اونٹ کے منہ میں زیرہ۔
- اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی۔
- پیٹ میں چوہے دوڑنا۔
- آستین کا سانپ۔
- بلی کے خواب میں چھیچھڑے۔
- کوا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا۔
- دماغ کا کیڑا۔

15 منٹ
- کہانی میں سے الفاظ چن کر بچوں سے ان کی ضد پر کام کروائیں۔


| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| تیز | آہستہ | تیرنا | ڈوبنا |
| سامنے | پیچھے | دوڑنا | چلنا |
| خالی | بھرا ہوا | چپکے سے | زور سے |
| میدان | پہاڑ | ڈالنا | نکالنا |
| سر | پیر | خوش | اداس |
| مختلف | ایک جیسا | بڑے | چھوٹے |
| کالا | سفید | بہت | تھوڑا |


45 منٹ
- اگر بچے ضد پر کام کلاس میں مکمل نہ کرسکیں تو گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

## سیشن 6

45 منٹ
- آج بچوں کو Origami کی مدد سے مینڈک بنانا سکھائیں۔ ان کے اس کام کو کلاس میں نمایاں جگہ پر ڈسپلے کریں۔
- ایک چوکور رنگین کاغذ لیں۔ تصویر نمبر ایک کی طرح چار کونوں پر آمنے سامنے A B C D لکھیں۔
- اب C D کے کونوں کو آپس میں ملاتے ہوئے اسے ایک تکون (triangle) کی شکل دیں۔
- اب AB کے کونوں کو بھی تصویر نمبر 3 کی طرح آپس میں ملائیں۔

- تصویر نمبر 4 سے 9 تک کے مراحل کو سامنے رکھتے ہوئے فولڈ کریں۔
- تصویر نمبر 9 اور 5 کی طرح DA - CD - BC - AB کے درمیان سے ایک چھوٹا تکون بنائیں۔
- باقی مراحل تصویر نمبر 10 سے 15 تک کو دیکھ کر ایک دلچسپ مینڈک بنائیں۔



(15) Hold it as shown in Step (15) and make it round by pushing the tip with the finger. Frog will jump by holding the part marked X with the finger and slipping off quickly.

# چھوٹی چھوٹی کالی کالی مچھلیاں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk